

ویلیو ایڈڈ سلوشنز

# آلیانز ای ایف یو تکافل ہیلتھ پلس

تقسیم بجانب

فیصل بینک

Allianz

WTO

efu

## آلیانزای ایف یو تکافل ہیلتھ پلس

آپ کتنی دفعہ بیمار پڑتے ہیں؟ کیا آپ اپنی بیماری کے وقت کی پیشین گوئی کر سکتے ہیں؟ بیمار پڑنا آسان ہے لیکن کیا آپ کی جیب آپ کو ایسے غیر متوقع طبّی اخراجات برداشت کرنے کی اجازت دیتی ہے؟ ہم ایک چھٹی کے خواب کیلیئے، کار کے خواب کیلیئے یا بچے کے خواب کے لئے بچا سکتے ہیں۔ لیکن کیا کبھی ہم کسی بیماری کے لئے اپنی بچتوں میں کچھ حصہ علیحدہ رکھتے ہیں۔ پھر بھی، ہماری تمام تر کوششوں کیباوجود بیماریاں ہوتی ہیں۔ صحت کی دیکھ بھال کے بڑھتے ہوئے اخراجات کے ساتھ، یہ ان دیکھے حالات ہماری بچتوں پر برا اثر ڈال سکتے ہیں۔

**آلیانزای ایف یو تکافل ہیلتھ پلس کا بیمہ کردہ جو فیصل بینک لمیٹیڈ** کے ساتھ ایک تقسیمی معاہدے کے ذریعے پیش کیا جارہا ہے، خاص طور پر آپ کو اور آپ کے اہلِ خانہ کو کسی بیماری یا حادثے کی صورت میں جو ہسپتال میں داخلے کا سبب بنے، مالی تحفظ فراہم کرنے کیلیئے تشکیل دیا گیا ہے۔ بہت احتیاط سے منتخب کیئے ہوئے ہسپتالوں کے ایک وسیع نیٹ ورک کے ساتھ ایک سادہ اور آسان بِناء ادائیگی طریقہ کار کے ذریعے، ہم یقین دلاتے ہیں کہ آپ اور آپ کے اہلِ خانہ سب سے زیادہ مناسب علاج حاصل کریں گے۔

پروڈکٹ کی نمایاں خصوصیات میں سے چند میں شامل ہیں:

## سالانہ حدود اور کمرے کا استحقاق

آپ کو سالانہ بالترتیب 200,000 پاکستانی روپے، 350,000 پاکستانی

روپے اور 500,000 پاکستانی روپے کی حدود کے مطابق، سیمی پرائیوٹ اور پرائیوٹ کمروں کے درمیان انتخاب کرنیکا اختیار ہے۔

درج ذیل چارٹ منتخب شدہ فائدہ پلان کے مطابق فائدے کی حدود پیش کرتا ہے:

| تحفظ کی تفصیل | برونز (پاکستانی روپے) | سلور (پاکستانی روپے) | گولڈ (پاکستانی روپے) |
|---|---|---|---|
| کمروں کا استحقاق | سیمی پرائیوٹ | پرائیوٹ | پرائیوٹ |
| سالانہ حد | 200,000 | 350,000 | 500,000 |
| حادثاتی ہاسپٹلائزیشن کے لئے اضافی حد | 50,000 | 100,000 | 150,000 |
| شعبہ انتہائی نگہداشت (آئی سی یو) | اصل | اصل | اصل |
| ہسپتال میں قبل از/ بعداز داخلہ معائنہ جات، مشورے اور ادویات (30 دن کے اندر اندر) | ذیلی حد 3,000 | ذیلی حد 7,500 | ذیلی حد 10,000 |
| حادثاتی ہنگامی خارجی مریض کے طور پر علاج بشمول دانتوں کے علاج (صرف درد کے آرام کے لئے) (کسی حادثے کے 48 گھنٹے کے اندر اندر) | ذیلی حد 3,000 | ذیلی حد 7,500 | ذیلی حد 10,000 |
| ہنگامی انخلاء کیلئے ذیلی حد | 25,000 | 50,000 | 50,000 |

*زیادہ سے زیادہ تاعمر فائدہ 1,000,000 روپے ہے۔

## داخلی مریض کے طور پر ہاسپٹلائزیشن کا فائدہ

یہ پالیسی حادثے اور بیماری کے باعث ہسپتال میں قیام کے دوران اٹھنے والے اخراجات کے لئے ادائیگی کرتی ہے۔ تحفظ شدہ داخلی مریض کے طور پر ہاسپٹلائزیشن کے اخراجات میں شامل ہیں:

- کمرہ اور رہن سہن کے اخراجات

- ہسپتال میں قیام کے دوران نرسنگ کی دیکھ بھال
- آئی سی یو اور آپریشن تھیٹر کے اخراجات
- فزیشن، سرجن اور انیستھیٹسٹس کی فیس
- ہسپتال میں قیام کے دوران تشخیص، علاج اور ادویات کے اخراجات
- آکسیجن اور خون کی رسد

## ہسپتال میں داخلے سے قبل حاصل فائدہ

پالیسی مشورہ فیس، تجویز کردہ ادویات اور لیبارٹری ٹیسٹس کے اخراجات کا تحفظ فراہم کرتی ہے جو کہ ہسپتال میں داخلے سے 30 دن پہلے تک ہوئے ہوں۔ ایسے اخراجات بعد میں کمپنی سے وصول کئے جا سکتے ہیں۔

## ہسپتال میں قیام کے بعد حاصل فائدہ

پالیسی مشورہ فیس، تجویز کردہ ادویات اور لیبارٹری ٹیسٹس کے ان اخراجات کا تحفظ بھی فراہم کرتی ہے جو کہ ہسپتال سے فراغت کے بعد 30 دن تک ہوئے ہوں۔ ایسے اخراجات بعد میں کمپنی سے وصول کئے جا سکتے ہیں۔

## متفرق اخراجات:

درج بالا کے علاوہ، کچھ دیگر فوائد میں شامل ہیں:

- مقامی ایمبولنس کا تحفظ
- ہنگامی انخلاء کا تحفظ

- ہنگامی حادثاتی خارجی مریض (حادثے کے 48 گھنٹے کے اندر اندر)
- دانتوں کا ہنگامی حادثاتی علاج (حادثے کے 48 گھنٹے کے اندر اندر صرف درد سے آرام کے لئے)

## خاندان کا اندراج

اس پالیسی میں کم از کم تین مہینے کے بچے اور چونسٹھ (64) سال کی عمر تک کی شریک حیات اور والدین کو شامل کیا جاسکتا ہے۔ عمر کا شمار اگلی سالگرہ پر عمر کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ ہر شریک ممبر کیلیئے علیحدہ کنٹریبیوشن لیا جائے گا اور وہ اصل شریک ممبر کے مساوی فائدے کے درجوں کے ساتھ ایک آزادانہ سالانہ حد کے اہل ہونگے۔

## کریڈٹ کی سہولت (بِناء ادائیگی تحفظ)

پالیسی کی سب سے اہم خصوصیات میں سے ایک، ملک بھر میں 200 سے زائد نیٹ ورک ہسپتالوں میں طبی علاج کیلیئے کریڈٹ کی سہولت ہے، جس میں تحفظ شدہ شریک ممبر کو تحفظ شدہ علاج کے لئے ادائیگی کی ضرورت نہیں ہے (دستیاب حدود تک)۔

## بعد از ادائیگی کی سہولت

شریک رکن کے تحفظ شدہ علاج کے لئے کسی نیٹ ورک سے ہٹ کر ہسپتال استعمال کرنے کی صورت میں، وہ متعلقہ دستاویزات اور دیگر ضروری تفصیلات کے ساتھ بعد از ادائیگی کیلیئے آلیانز ای ایف یو تکافل - ہیلتھ پلس کو کلیمز پیش

کر سکتا ہے۔ آلیانز ای ایف یو تکافل - ہیلتھ پلس، 15 کاروباری ایام کے اندر، سالانہ حد کے مطابق، مناسب اور واجب الادا اخراجات کی بعداز ادائیگی کا انتظام کرے گا جو کہ اسی علاج کے کسی قابل موازنہ نیٹ ورک پر اٹھتے۔

## ڈے کیئر پروسیجرز

داخلی مریض کے طور پر ہسپتال میں داخلے کے علاوہ، پالیسی ڈے کیئر پروسیجرز کو بھی تحفظ فراہم کرتی ہے۔ ڈے کیئر پروسیجرز طبی طور پر وہ ضروری علاج/ سرجیکل پروسیجرز ہوتے ہیں جس میں مریض کو ہسپتال کے بستر کی ضرورت تو ہوتی ہے لیکن رات بھر قیام کی ضرورت نہیں ہوتی، جیسے کہ موتیا، انجیو گرافی، اینڈوسکوپی، ڈائیلیسس وغیرہ۔

## مخصوص تحقیقات

پالیسی تین مہنگے خارجی مریض کے طور پر ٹیسٹوں کے اخراجات کا بھی تحفظ فراہم کرتی ہے چاہے اس میں ہسپتال میں داخلے پر عمل نہ ہوا ہو۔ ان ٹیسٹوں میں ایم آر آئی، سی ٹی اسکین اور تھیلیئم اسکین شامل ہیں۔

## بین الاقوامی ہنگامی تحفظ

یہ پالیسی کی منفرد خصوصیات میں سے ایک ہے جو بعداز ادائیگی کی بنیاد پر بین الاقوامی ہنگامی تحفظ فراہم کرتی ہے۔ کلیم کی بعداز ادائیگی پاکستان کے کسی نیٹ ورک ہسپتال کے علاج کے اخراجات کے مطابق ہوگی۔

## پریشانی سے مبرّا انداج کا طریقہ کار

اس پالیسی کو حاصل کرنے کیلئے کسی طبی دستاویزات/طبی ٹیسٹوں کی ضرورت نہیں ہے۔

## کوئی کلیم نہ کیئے جانے کی صورت میں بونس

اگر دو مسلسل پالیسی سالوں کے لئے پالیسی پر کوئی کلیم نہیں ہوتا، تو ہر ممبر کو اگلے پالیسی سال سے، بغیر کسی خرچ کے، بنیادی سالانہ حد کے 10 فیصد کے مساوی بونس سالانہ حد پیش کی جائے گی۔ تحفظ میں یہ اضافہ اضافی تحفظ فراہم کرے گا اور طبی افراط زر پورا کرنے میں مدد کرے گا۔ البتہ، حد میں اضافے کا 55 سال یا اس سے زائد عمر کے افراد پر اطلاق نہیں ہوگا۔

## پہلے سے موجودہ میڈیکل کنڈیشنز

اس کے تحت ہیلتھ انشورنس کوریج سے مراد کوئی بھی بیماری، مرض، وبا، زخم، علامت/آثارِ مرض، مریض کی حالت یا اس کی بنیادی وجہ، حالت، بیماری، مرض، وبا، زخم یا بیماری سے پیدا ہونے والے خطرناک عوامل یا کوئی وبا جو بادا سطہ یا بالواسطہ کسی دوسری بیماری کا باعث بنے، جو کہ معلوم ہو، اس کا علاج کیا گیا ہو، زیر علاج ہو، کسی بھی علاج کی ضرورت ہو یا علاج دریافت ہو گیا ہو یا اگر جس کے لیے انشورنس کی درخواست سے قبل کوئی طبّی مشورہ یا تشخیص نہ کی گئی ہو۔

پہلے سے موجود طبی کیفیات اور منسلک کیفیات کو تحفظ سے خارج ہیں۔

## کیا کوئی استثنیات ہیں؟

پہلے سے موجود کیفیات یا ان سے متعلق اٹھنے والے اخراجات، حمل اور بچے کی

پیدائش، خارجی مریض کے طور پر علاج، پیدائشی نقائص، جنگ، حملہ، عوامی سورش، بانجھ پن، کاسمیٹک علاج، معمول کے طبی چیک اپ، کو تحفظ حاصل نہیں ہے۔

## ناقابل داخلہ کیفیات

پالیسی ان لوگوں کے لئے دستیاب نہیں ہے جو (پہلے سے) ذیابیطس، سرطان یا ایچ آئی وی/ایڈز کا شکار ہوں۔

## کنٹربیوشن

منتخب کردہ پلان کے نوعیت کے اعتبار سے، اصل شریک ممبر اور اس سے وابستہ اہل افراد کی عمر پر منحصر، درج ذیل کنٹربیوشن کی شرحات کا اطلاق ہوتا ہے:

| اگلی سالگرہ پر عمر | برونز (پاکستانی روپے) | سلور (پاکستانی روپے) | گولڈ (پاکستانی روپے) |
|---|---|---|---|
| 90 دن سے لے کر 18 سال تک | 7,280 | 10,480 | 11,960 |
| 19 سے 44 سال | 7,488 | 10,920 | 12,480 |
| 45 سے 59 سال | 15,080 | 22,880 | 25,480 |
| 60 سے 64 سال | 21,320 | 31,720 | 34,840 |

* عمر کا شمار اگلی سالگرہ کی بنیاد پر کیا جائے گا

## نوٹ:

- درج بالا کنٹربیوشنز میں 1 فیصد فیڈرل تکافل فیس (ایف ٹی ایف) شامل ہے

- ازراہِ کرم پالیسی ایڈمنسٹریشن فیس اوراسٹامپ ڈیوٹی کی مد میں 750 روپے جوڑ لیجئے (ناقابل واپسی)

- درج بالا شرحات بغیر پیشگی اطلاع کے تبدیلی سے مشروط ہیں

## انتظار کا عمومی دورانیہ/جنرل ویٹنگ پیریڈ :

"انتظار کا عمومی دورانیہ/جنرل ویٹنگ پیریڈ "سے مراد اس پالیسی کے مؤثر ہونے سے پندرہ (15) دن کی مدّت ہے، جس کے دوران اس انتظار کے عمومی دورانیے/جنرل ویٹنگ پیریڈ میں ہونے والے طِبّی حالت کی تشخیص ہونے کی وجہ سے پیدا ہونے والے اخراجات کا احاطہ نہیں کیا جائے گا۔

## فِری غورو فکر کا دورانیہ کیا ہے؟

پالیسی دستاویزات وصول ہونے کے بعد غورو فکر کا دورانیہ 14 دن کا مہلتی وقت ہوتا ہے جس کے دوران آپ ہیلتھ پلس پلان کے شرائط وضوابط کو سمجھ سکتے ہیں اور پلان کو جاری رکھنے کی اپنی موزونیت وضع کر سکتے ہیں۔

## دستبرداری

- فیصل بینک لمیٹیڈ ("بینک") بینکا تکافل کارپوریٹ ایجنسی معاہدے کے تحت آلیانز ای ایف یو تکافل ہیلتھ انشورنس لمیٹیڈ-ونڈو تکافل آپریشنز کی جانب سے تکافل پالیسی کے تقسیم کار کی حیثیت سے کام کر رہا ہے اور کسی بھی طور کسی بھی فرد بشمول لیکن انہیں تک محدود نہیں، متوقع شریک/شریک ممبر یا کسی تیسرے فریق، کے لئے ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جائے گا۔ ہیلتھ تکافل پروڈکٹ کے سلسلے میں کسی بھی کلیم کی واجب الادائیگی

براہ راست آلیانز ای ایف یو تکافل ہیلتھ انشورنس لمیٹڈ-ونڈو تکافل آپریشنز کو رپورٹ کی جائے گی۔

- پالیسی کی بیمہ کاری اور اجراء آلیانز ای ایف یو تکافل ہیلتھ انشورنس لمیٹڈ-ونڈو تکافل آپریشنز کی طرف سے کیا جائے گا۔فیصل بینک لمیٹڈ بینکا تکافل کارپوریٹ ایجنسی معاہدے کے تحت تقسیم کار کی حیثیت سے کام کر رہا ہے۔

- متوقع شریک/شریک ممبر کا اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ/ درخواست فارم یا زبانی طور پر ریکارڈ کیا ہوا بیان پروگرام کے تحت اس کے اندراج کے طور پر کام کرے گا (اگر اس کا اکاؤنٹ پروگرام کے تحت چارج کیا جاتا ہے )اور اس تکافل تحفظ کے تحت حقیقی بینیفشری کے تعین کی نگرانی کرے گا۔

- یہ وضاحت کی جاتی ہے کہ بینک، کسی بھی حالات میں،آلیانز ای ایف یو تکافل ہیلتھ انشورنس لمیٹڈ-ونڈو تکافل آپریشنز کی کسی بھی ذمہ داری کیلئے براہ راست یا بالواسطہ ذمہ دار نہیں ہوگا۔

- مزید برآں، بینک کسی بھی طور، کسی دیگر پالیسی کے سلسلے میں آلیانز ای ایف یو تکافل ہیلتھ پلس انشورنس لمیٹڈ کا ایجنٹ یا بروکر تعبیر نہیں کیا جائے گا یا سمجھا جائے گا۔

- اس کے علاوہ، بینک براہ راست یا بالواسطہ،آلیانز ای ایف یو تکافل

ہیلتھ انشورنس لمیٹیڈ-ونڈو تکافل آپریشنز کی طرف سے شریک ممبران کو پیش کی گئی کسی پالیسی یا کاروبار کے سلسلے میں تحفظ شدہ شرکاء کی کسی ذمہ داری کے لئے ذمہ دار نہیں ہوگا۔ یہ پالیسیاں آلیانز ای ایف یو تکافل ہیلتھ انشورنس لمیٹیڈ-ونڈو تکافل آپریشنز اور تحفظ شدہ شرکاء کے مابین آزادانہ معاہدوں کی شکل اختیار کریں گی۔

- اگر آپ کو اپنی ہیلتھ تکافل پالیسی کے سلسلے میں کوئی شکایت ہو تو آپ آلیانز ای ایف یو تکافل ہیلتھ **پلس** سے 00-4357-111 (9221+) پر رابطہ کر سکتے ہیں یا کسی اور خدمات سے متعلق شکایات کیلئے آپ ہمارے کسٹمر انٹر ایکشن سینٹر سے 06 06 06 111 پر یا قریبی برانچ پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

## رابطے کی تفصیلات:

**آلیانز ای ایف یو تکافل ہیلتھ پلس انشورنس لمیٹیڈ**

ڈی 136، بلاک 4، کے ڈی اے اسکیم 5، کلفٹن، کراچی 75600

**فون:** (111 432 584) 111-HEALTH)

(11 4357 00) 111-HELP-00)

**ای میل:** health@allianz-efu.com

**ویب سائٹ:** www.allianzefu.com

# برانچ نیٹ ورک

## سندھ

گھوٹکی، حیدرآباد، کندھ کوٹ، کراچی، لاڑکانہ، کوئٹہ، شہدادکوٹ، سکھر

## پنجاب

احمد پور ایسٹ، عارف والا، بہاولپور، بوریوالا، چشتیاں، چیچہ وطنی، ڈسکہ، ڈیرہ غازی خان، فیصل آباد، گجر خان، گوجرانوالہ، گجرات، ہارون آباد، جہلم، خانیوال، لاہور، منڈی بہاؤالدین، ملتان، اوکاڑہ، پاک پتن، پتوکی، ربواچناب نگر، رحیم یار خان، رنالہ خرد، راولپنڈی، صادق آباد، ساہیوال، سرگودھا، سیالکوٹ، وہاڑی

## خیبر پختون خواہ

پشاور

## وفاقی دارالحکومت

اسلام آباد

## آزاد جموں اور کشمیر

میرپور

## رجسٹرڈ آفس

فیصل ہاؤس

ST-02، شاہراہِ فیصل

کراچی، پاکستان